خدا کی مرضی کو قبول کرنا

مصنف: کیون ڈی ینگ **مترجم:** ارسلان الحق **ویب سائٹ:** clearlyreformed.org

پولس رسول کا تھسلنیکیوں کے نام پہلا خط (چوتھا باب تیسری آیت) بہت واضح اور صاف ہے۔ **چنانچہ خدا کی مرضی یہ ہے کہ تم پاک بنو۔**

اگر آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ کی زندگی کے لئے خدا کی مرضی کیا ہے تو یہ بالکل واضح ہے۔ ایک ایسی زندگی گزاریں جو خدا کو پسندیدہ ہو (پہلی آیت)۔ حرام کاری سے بچے رہیں (تیسری آیت)۔ خدا کا بندہ پاکیزگی اور عزت کے ساتھ اپنے ظرف کو حاصل کرنا جانے (چوتھی آیت)۔ کسی بھائی یا بہن کا ناجائز فائدہ نہ اٹھائیں (چھٹی آیت)۔ آپ کو خدا کی مرضی کو درست طریقے سے یا اُس کے خصوصی پیغامات کو سمجھنے کے بارے میں فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم سب خدا کے بلاوے کو جان سکتے ہیں۔ **اِس لئے کہ خدا نے ہم کو ناپاکی کے لئے نہیں بلکہ پاکیزگی کے لئے بلایا** (ساتویں آیت)۔

خدا کی مرضی مسیحی زندگی کے سب سے پیچیدہ تصورات میں سے ایک ہے۔ اِس اُلجھن کا ایک حصہ اِس حقیقت سے ہے کہ بائبل مقدس خدا کی مرضی کے بارے میں کم از کم دو مختلف طریقوں سے بات کرتی ہے۔

کچھ حوالہ جات خدا کی مرضی کو متعین اور واجب التعمیل بیان کرتے ہیں۔ ہم اِس کو تقدیری ارادہ کہہ سکتے ہیں۔ خدا اپنے ارادہ کے موافق اپنی مرضی کی مصلحت سے سب کچھ کرتا ہے (افسیوں 11:1)۔ خدا جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے اور کوئی نہیں جو اُس کا ہاتھ روک سکے (دانی ایل 35:4)۔ خدا کے ازلی ارادہ میں نیکی (افسیوں 10:2)، بدی (اعمال 23:2 اور 28:4، پیدائش 20:50)، ہم کہاں رہتے ہیں (اعمال 26:17) اور ہماری عمر کی معیاد کیا ہے (ایوب 5:14؛ زبور 4:39) شامل ہیں۔ نہ تو آسمان میں پرندے اور نہ ہی ہمارے سر کے بال

ہمارے آسمانی باپ کی مرضی کے بغیر زمین پر گرتے ہیں (متی 10:28-30)۔

دیگر حوالہ جات میں خدا کی مرضی کو کچھ اِس طرح سے بیان کیا گیا ہے جس کی ہم اطاعت یا نافرمانی کر سکتے ہیں۔ ہم اِس کو خدا کا حکمی ارادہ (پسندیدہ مرضی) کہہ سکتے ہیں۔ مشیت الٰہی دو نہیں ہیں، لیکن بائبل مقدس ایک ہی زبان کا دو مختلف طریقوں سے استعمال کرتی ہے۔ مثلاً 1 یوحنا 15:2-17 میں جسم کی خواہش، آنکھوں کی خواہش اور مال و دولت کی شیخی خدا کی مرضی کے متضاد ہے۔ اِسی طرح، یسوع سکھاتا ہے کہ آسمان کی بادشاہی میں وہی داخل ہوگا جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ہے (متی 21:7)۔ ایسے حوالہ جات میں، خدا کی مرضی سے مراد وہ طرزِ حیات ہے جس طرح خدا چاہتا ہے کہ ہم زندگی بسر کریں۔

معاملات کو مزید پیچیدہ بنانے کے لئے، جب مسیحی **خدا کی مرضی جاننے** کے بارے میں بات کرتے ہیں تو وہ عموماً خدا کی مرضی کی رہنمائی کے ایک پُراسرار پہلو کے بارے میں سوچ رہے ہوتے ہیں۔ تاہم، بائبل مقدس اِس طرح سے خدا کی مرضی کے بارے میں بات نہیں کرتی۔ جی ہاں، خدا کے پاس ہماری زندگیوں کے لئے ایک مخصوص منصوبہ ہے۔ (زبور 16:139)، لیکن اِس بات کا کوئی اشارہ نہیں ہے کہ عموماً وہ اِس منصوبے کو وقت سے پہلے ہم پر ظاہر کرنا چاہتا ہے۔ اِس کے بجائے، وہ چاہتا ہے کہ ہم اُس پر اعتماد کریں۔ ہمیں مستقبل کو جاننے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہم اُس خدا سے تعلق رکھتے ہیں جو نہ صرف مستقبل کو جانتا ہے بلکہ اُس پر مکمل اقتدار بھی رکھتا ہے۔

خدا کی مرضی کو قبول کرنا کچھ مبہم باطنی تاثرات کے ذریعے یہ جاننے کا عمل نہیں ہے کہ کہاں رہنا ہے، کس سے شادی کرنی ہے اور کون سا کام کرنا ہے۔ بلکہ، اِس سے کہیں زیادہ یہ عام اور آخرالامر ازحد اہم اور زیادہ روحانی کام ہے، پہلے خدا کی بادشاہی اور اُس کی راست بازی کی تلاش کرنا، یہ یقین رکھتے ہوئے کہ جو کچھ بھی آپ کو فی الحقیقت درکار ہے، آپ کے لئے مہیا کیا جائے گا (متی 33:6)۔

مصنف کی اجازت سے شائع کیا گیا۔

☆ مصنف کے بارے میں ☆

ڈاکٹر کیون ڈی ینگ کرائسٹ کاوننینٹ چرچ میتھیوز نارتھ کیرولائنا کے سینئر پاسبان، رِیفارمڈ تھیالوجیکل سیمنری شارلٹ نارتھ کیرولائنا میں باقاعدہ علم الٰہی کے ایسوسی ایٹ پروفیسر اور کئی کتب اور مضامین کے مصنف ہیں۔

مزید کتب اور مضامین حاصل کرنے کے لئے ہمارا پتا:

رِیفارمڈ چرچ آف پاکستان

پوسٹ بکس نمبر 23 بہاول پور 63100۔

برائے واٹس ایپ: 03025257626 / 03320628962

ویب سائٹ: www.rcofp.com